بخدمت جناب مفتی صاحب، جامعہ خیر المدارس ملتان

دارالافتاء
١٨٦/١٨٩
18 SEP 2017

جناب عالی!

السلام علیکم!

فدوی بندہ کو ایک شرعی مسئلہ معلوم کرنا ہے براہ کرم مسئلے کا حل بصورت فتویٰ عنایت کیا جائے۔

شکریہ

مسئلہ:

اگر کوئی نابالغ مسجد میں جماعت کے دوران امام صاحب کے بالکل پیچھے پہلی صف میں کھڑا ہو کر نماز ادا کرے تو کیا باقی نمازیوں کی نماز پر اس کا کوئی اثر ہوگا۔ کیا نابالغ بچے کا صف کے درمیان کھڑے ہو کر نماز ادا کرنا درست ہے۔

(نوٹ) بچے کی عمر چھ سات سال ہے والد بچے کو اپنے ساتھ کھڑا کرتا ہے

فدا محمد حاجی [illegible] 2 محلہ [illegible] مارکیٹ [illegible] کوہ [illegible] سلطان محمد

الجواب

اگر نابالغ بچہ ایک ہو تو اسے بالغ مردوں کی صف میں کھڑا کرنے کی شرعاً اجازت ہے مراقی میں ہے ان لم یکن جمع من الصبیان یقوم الصبی بین الرجال (ص ١٦٨ طحطاوی)

اسی طرح اگر بچوں کی وجہ سے نماز میں خلل واقع ہو تو بھی مردوں کی صف میں کھڑا کرنے کی

گنجائش ہے۔ تاہم مناسب یہ ہے کہ بالکل امام کے پیچھے کھڑا
نہ کریں۔ کیونکہ امام کے قریب بالغ سمجھ دار لوگوں کو کھڑے
ہونے کا حکم ہے لقولہ علیہ السلام لیلنی اولو الاحلام والنہی الحدیث

فقط واللہ اعلم

بندہ محمد عبد اللہ عفا اللہ عنہ
۲۶ / ۱۲ / ۱۴۳۸ھ

فاسئلوا اهل الذكر ان كنتم لا تعلمون
دار الافتاء
۱۳۶۷ھ
جامعہ خیر المدارس ملتان

۱۸۶
۱۸۹

نائب مفتی
جامعہ خیر المدارس ملتان پاکستان